ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((454

مورخہ 22.09.25

**بہاول پور(     )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو پتنگ بازی کی روک تھام کے حوالے متعدد احکامات جاری کر دیئے۔پنجاب امتناع پتنگ بازی آرڈیننس کے تحت پتنگ بازی کے ساتھ ساتھ دھاتی ڈور کی تیاری،استعمال اور ٹرانسپورٹیشن پر سخت پابندی ہے۔جان لیوا پتنگ بازی سے خود بھی بچیں اور اپنے پیاروں کو بھی بچائیں،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ضلع بھر میں پتنگ بازی کی روک تھام کے حوالے متعدد احکامات جاری کر دیئے۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پتنگ بازی کا سامان فروخت کرنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔پنجاب امتناع پتنگ بازی آرڈیننس کے تحت پتنگ بازی کے ساتھ ساتھ دھاتی ڈور کی تیاری،استعمال اور ٹرانسپورٹیشن پر مکمل پابندی ہے۔ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے علاقوں میں اس بات کو یقینی بنائیں کہ پتنگ بازی اور اس کا سامان مہیا کرنے والوں خلاف کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ کسی کو عوام الناس کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔تمام ایس ایچ اوز اپنے اپنے علاقوں کا وزٹ کریں اور ایسا کرنے والوں کے خلاف کسی انسیڈنٹ کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے کارروائیاں عمل میں لائیں۔پتنگ بازی میں استعمال ہونے والی دھاتی ڈور سے زخمی اور ہلاکتوں کا خدشہ ہوتا ہے،لہذاایسا خونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کے تحت کارروائیاں کریں۔سستی،لاپرواہی کرنے والے پولیس آفیسران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو پتنگ بازی کی روک تھام کے حوالے متعدد احکامات جاری کر دیئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((455

22.09.25

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا دو مقامات پر کھلی کچہری کا انعقاد۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے چو کی شکار پوری علاقہ تھانہ کوتوالی اور چو کی 13 سولنگ علاقہ تھانہ بغداد الجدید میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ متعلقہ ایس ڈی پی او، ایس ایچ اوز و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال چوکی شکار پوری اور چوکی 13 سولنگ میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں